چاروں شاخوں کے علی الترتیب ۶۹، ۵۸، ۱۸ اور ۱۶ نہایت محترم نام آئندہ صفحات میں درج کئے جارہے ہیں۔ اِس طرح ۱۹۹۳ء کے خاتمے تک اولادِ ذی وقار کی کُل تعداد پونے دوسو سے تجاوز کر چکی ہے۔

ہم خلیفہ رحیم بخش صاحب سُلیمانی کے بہت ہی ممنون و مشکور ہیں جنہوں نے درج ذیل ماخذ ہمیں تونسہ شریف سے ارسال کئے۔ ظاہر ہے اِن کے بغیر گذشتہ دوسو سال میں پیدا ہونے والی اعلیٰ حضرت تونسویؒ کی اولادِ امجاد کے کوائف ہم ہرگز نہ پیش کر پاتے۔

ماخوذ ا شجرہ نسب حضور حضرت خواجہ محمد حامد صاحب سجادہ نشین خانقاہِ معلّٰی سُلیمانیہ چشتیہ تونسہ شریف، تحصیل سنگھڑ، ڈیرہ غازیخاں ہے۔ جسے ۵ نومبر ۱۹۲۷ء کو تیار کیا گیا تھا۔ اِس قلمی نقشے میں حضرت غوثِ زماںؒ کی چار اُوپر والی پشتوں سمیت خاندان کے ۱۵ اور پانچ نیچے والی پُشتوں کے ۲۷ نام درج ہیں۔ اکثر کی تاریخ ہائے پیدائش اور وصال بھی دیئے ہوئے ہیں جبکہ زندہ حضرات کو (×) کے نشان سے دکھایا گیا ہے۔ اس ۳۰ × ۲۲ سم نقشے کے نچلے دائیں کونے میں خانقاہ کے بانی، اس کے تینوں سجادہ نشینان اور ولی عہد کے نام نیز تشریحی علامات بھی درج ہیں۔ جبکہ بائیں نچلے کونے میں مندرجہ ذیل نوٹ لکھے ہوئے ہیں۔

۱۔ حضرت خواجہ اللہ بخش صاحب علیہ الرحمۃ حاضری عدالت ہائے سے مُستثنیٰ تھے۔

۲۔ میاں قادر بخش صاحب درباری کُرسی نشین تھے۔

۳۔ کسی نے کبھی مُلازمت نہیں کی۔

ماخوذ ب شجرہ مُبارک حضرت قطب الاقطاب غوثِ زماں خواجہ شاہ محمد سُلیمان صاحب تونسوی رضی اللہ عنہ ہے۔ اسے رحمان منزل، بلاک نمبر ۱۲، ڈیرہ غازی خاں کے ریٹائرڈ پوسٹ ماسٹر اور ہومیو ڈاکٹر محمد عبدالرحمٰن صاحب نے خواجہ خان محمدؒ کے دورِ سجادگی میں لگ بھگ ۱۳۸۰ھ میں تیار کیا ہوگا۔ محمد سُلیمان ہوشیارپوری نے اسے تحریر کیا۔ جبکہ چشتیہ کتاب گھر تونسہ شریف سے خلیفہ برادرز نے اسے پاک الیکٹرک پریس مُلتان سے چھپوا کر شائع کیا۔

اِس ۵۲×۲۰ سم نقشے میں کُل ۷۰ نام درج ہیں۔ شادی شدہ، غیر شادی شدہ اور قبل از شادی فوت ہونے والے صاحبزادگان کو علیحدہ علیحدہ نشان دیئے گئے ہیں۔ فیلف درگاہِ مُعلّیٰ میں منعقد ہونے والے عرائس کی قمری تاریخیں بھی دی گئی ہیں۔

ماخوذ ج "گلبنِ سُلیمانی" ہمارا تیسرا ماخوذ ہے جسے درگاہِ سُلیمانی تونسہ شریف کے جناب خلیفہ عبدالرحمٰن صاحب نے ۱۴۰۲ھ تک مکمل کیا۔ اس قلمی نقشہ میں لگ بھگ ۱۱۴ نام ہیں۔ زندہ حضرات کو "زیدہ حیاتہ" اور فوت شدہ کو "رحمتہ اللہ علیہ" دعائیہ کلمات سے جدا کر دیا گیا ہے۔ شکستہ لکھائی اور سیاہی کے دھبے اِس مُفصّل ترین نقشے کے پڑھنے میں قدرے دقت پیدا کرتے ہیں۔

آپ کو یاد ہوگا، حاجی نجم الدینؒ کی مشہورِ زمانہ فارسی تصنیف "مناقب المحبوبین" کا پہلا مکمل اُردو ترجمہ پیش کرتے وقت راقم الحروف نے مندرجہ بالا تینوں ماخذ کو اکٹھا کر کے پہلے اسے تونسہ شریف میں مقیم حضرات بشمول خواجہ حافظ عبدالمناف صاحب، خواجہ غلام اللہ بخش صاحب اور خواجہ غلام علی صاحب کی مدد سے ۱۴۰۶ھ تک مکمل کیا، اور پھر ۵۰×۳۰ سم سائز کے اِس نقشہ کو مندرجہ بالا جلد کے اندر تہہ کر کے قارئینِ کرام کی نذر کیا تھا۔ یُوں گزشتہ چھ سال سے ڈیڑھ سو ناموں سے تجاوز کرتی ہُوئی یہ فہرست حضرات اور متعلقین کے زیرِ مطالعہ ہے۔ اِس میں غلطیوں کی نشاندہی کرنے والے کرم فرماؤں کے ہم بے حد مشکور ہیں۔

بہت سوچ بچار کے بعد طے یہ پایا کہ اِس پہلے سے مشتہر شدہ نقشہ ہی کو ضروری ترامیم اور اضافوں کے ساتھ آئندہ صفحوں میں پیش کر دیا جائے۔ حالیہ وُسعت میں خواجہ حافظ عبدالمناف، خواجہ محمد جمال، خواجہ محمد امین اور خواجہ غلام قاسم صاحبان نے ہماری خوب مدد کی، جن تک ہماری رہنمائی مولوی محمد رمضان صاحب نے کی۔

اِس سلسلۂ نسب کی پہلی چار پشتیں پہلے ہی صفحوں پر اکٹھی پیش کی جا رہی ہیں تاکہ

اکابرین کے درمیان رشتے واضح ہوجائیں۔ جہاں تک ممکن ہوسکا ان کے تاریخ ہائے ولادت و وصال کا اندراج بھی کر دیا گیا ہے۔ یوں حضرت پیر پٹھانؒ کے چاروں فرزند، دونو پوتے، نو پڑپوتے اور پھر ان کے پندرہ بیٹے

علی الترتیب صاحبزادہ حضرت خواجہ حضرت اور

خواجہ سرناموں اور ان مختلف الشکول خاکوں کے اندر پیش کئے جارہے ہیں۔ نیز جن کے ہاں اولادِ نرینہ نہ تھی یا جو غیر شادی شدہ فوت ہو گئے ان کے خاکوں کو نقطے دار لکیروں میں ظاہر کیا گیا ہے۔ قارئین کی مزید سہولت کے لئے باقی نو خواجگان کے ناموں کے سامنے صفحات نمبر بھی لکھ دیئے گئے ہیں جہاں ان کی اولادِ امجاد کے مکمل گوشوارے دکھائے گئے ہیں۔ لہٰذا یہ پہلا صفحہ سارے گلستان کے لئے تعارف اور فہرست کا کام سرانجام دے رہا ہے۔

اِن حضرات کے ناموں کے گرد جو روضہ سُلیمانی یا روضہ محمودی، کے اندر دفن ہیں اِس گوشوارے میں علی الترتیب دائرہ نما اور لمبوترا بیضہ بنا دیا گیا ہے۔ اور جن حضرات کے مدفن دونو روضوں کے باہر راہداریوں میں ہیں ان کے ناموں کے گرد انہی دو بیضوں کو نقطے دار لکیروں سے دکھایا گیا ہے۔

کون نہیں جانتا کہ آقاؤں کے ذاتی کوائف، جب تک بتائے نہ جائیں، دور افتادہ غلاموں کی دسترس سے باہر ہوتے ہیں۔ اس لئے حضرات و صاحبزادگان سے بالخصوص استدعا ہے کہ ہماری غلطیوں سے ہمیں آگاہ فرمائیں تاکہ ان کا ازالہ کیا جا سکے۔ اللہ تعالیٰ ہماری نادانستہ بے ادبیوں سے درگزر فرمائے اور ہمارے گرانقدر معاونین کو جزائے خیر دے۔ آمین۔

غوثِ زماں
خواجہ محمد سلیمان تونسوی
۱۱۸۳-۱۲۶۷ھ
حضرت حافظ محمد محمود
۱۲۸۱-۱۳۳۸ھ
خواجہ غلام فرید
۱۳۲۸-۱۳۳۸ھ
خواجہ غلام نظام الدین
۱۳۲۶-۱۳۸۵ھ
خواجہ حافظ احمد
۱۳۰۵-۱۳۳۶ھ
خواجہ نصیر الدین
۱۳۳۵-
خواجہ قطب الدین
۱۳۴۳-

خواجہ اللہ بخشؒ
خواجہ حافظ احمد
۱۲۸۲-۱۲۹۷
خواجہ حافظ محمد موسیٰؒ
۱۲۶۹-۱۳۲۳
خواجہ محمد حامدؒ
۱۲۹۲-۱۳۵۰
خواجہ گل محمد
جاری ہے
خواجہ حافظ غلام سدید الدین
۱۳۲۷-۱۳۷۹
خواجہ خان محمدؒ
۱۳۳۴-۱۳۹۹
خواجہ درویش محمدؒ
خواجہ محمد موسیٰ
خواجہ حافظ محمد یوسفؒ
۱۳۹۸-
خواجہ عبدالوہاب
خواجہ علیم الدین
خواجہ حامد حسن
۱۳۸۸-
خواجہ خالد حسن
خواجہ عطاء اللہ
خواجہ محمد خرم ذیشان علی عطا
خواجہ علی عباس
خواجہ محمد مسعود
خواجہ خان محمد
خواجہ فرید
خواجہ عطا حسنین
خواجہ غلام اللہ بخشؒ
۱۴۱۳ھ-
خواجہ عبدالحامد علی
خواجہ غلام سدید الدین
خواجہ سلیمان جعفر

خواجہ اللہ بخش
خواجہ عبداللہ
۱۳۱۷ - ۱۳۳۸
خواجہ حافظ محمد موسیٰ
۱۲۶۹ - ۱۳۲۳
خواجہ غلام زکریا
۱۳۱۱ - ۱۴۰۶
خواجہ غلام یحییٰ
خواجہ غلام الیاس
خواجہ غلام ہندال
خواجہ حافظ محمد زبیر
خواجہ محمد خلیل
خواجہ محمد جلیل
خواجہ محمد جمیل
خواجہ محمد عمیل
خواجہ محمد سہیل
خواجہ شاہجہان
خواجہ شاہنواز
خواجہ ثاقب حسین
خواجہ عاقب حسین
خواجہ محمد اویس
خواجہ بشارت
خواجہ وقاص
خواجہ اوصاف
خواجہ غلام عباس
خواجہ خدا بخش
خواجہ ساجد جمیل
خواجہ ماجد جمیل
خواجہ غلام نبی
خواجہ محسن عمیل
جاری ہے
جاری ہے

خواجہ اللہ بخش رح
خواجہ حافظ محمد موسیٰ
۱۲۶۹ - ۱۳۲۳
خواجہ غلام زکریا رح
۱۳۱۱ - ۱۴۰۶
خواجہ محمد یوسف
خواجہ غلام یونس
خواجہ غلام محمد
خواجہ غلام سلیمان
خواجہ محمد داؤد
خواجہ محمد مودود
خواجہ محمد محبوب
خواجہ محمد مقبول
خواجہ غلام عباس رح
۱۳۵۱
خواجہ محمد امین
خواجہ عبد الوہاب
خواجہ صبغت اللہ
خواجہ غیاث اللہ
خواجہ مغیث اللہ
خواجہ حافظ عبد المناف
خواجہ محمد ہاشم نعیم
خواجہ محمد موسیٰ کلیم
خواجہ غلام اللہ بخش
خواجہ غلام زکریا
خواجہ عبد المطلب
خواجہ محمد قاسم ضیاء
خواجہ محمد صابر سعید
خواجہ محمد عبد اللہ ہارون
خواجہ جنید سلیمان

خواجہ اللہ بخشؒ
خواجہ حافظ محمد محمودؒ
۱۲۸۱ - ۱۳۴۸
خواجہ حافظ احمدؒ
۱۳۰۵ - ۱۳۳۶
خواجہ غلام مجتبیٰؒ
خواجہ غلام مرتضیٰؒ
خواجہ غلام مصطفیٰؒ
۱۳۶۸ -
خواجہ محمد غوث
خواجہ فریام مجتبیٰ
خواجہ عرفان مجتبیٰ
خواجہ ذیشان مجتبیٰ
خواجہ محمد محمود
خواجہ محمد حماد
خواجہ محمد ذہین
خواجہ محمود احمد
خواجہ محمد مرتضیٰ
خواجہ شہزاد احمد
خواجہ شیراز احمد
خواجہ خضر محمود
خواجہ محمد نشاطؒ
خواجہ محمد حسنات
خواجہ مقصود احمد
خواجہ محمد جنید
خواجہ مسعود احمد
خواجہ احمد سعید
جاری ہے

خواجہ اللہ بخش رح
خواجہ غلام معین الدین احمد رح
خواجہ فخر المحمود
خواجہ محمد اویس عمر
خواجہ غلام معین الدین
خواجہ نصر المحمود
خواجہ غلام فخر الدین رح
۱۳۹۹-
خواجہ غلام نظام الدین رح
۱۳۳۹-۱۳۸۵
خواجہ فیض محمود رح
۱۳۸۷-
خواجہ غلام نظام الدین
خواجہ محمد عثمان
خواجہ غلام معین الدین محمد رح
۱۴۱۳-
خواجہ غلام اللہ بخش
خواجہ محمد فضیل صدیق رح
۱۴۱۰-
خواجہ علیم الحق رح
۱۳۹۴-
خواجہ حافظ محمد سعید محمود رح
۱۲۸۱-۱۳۴۸
خواجہ غلام فرید شہید رح
۱۳۲۸-۱۳۳۸
جاری ہے
۲۰۹

خواجہ اللہ بخش
خواجہ حافظ محمد محمود
۱۲۸۲ - ۱۳۴۸
خواجہ غلام نصیر الدین
۱۳۳۵-
خواجہ غلام قطب الدین
خواجہ غلام محمود
۱۴۰۸
خواجہ کمال الدین انور
خواجہ صلاح الدین اکبر
خواجہ سراج الدین اطہر
خواجہ جمال الدین اصغر
خواجہ غلام دستگیر
خواجہ سراج الدین
خواجہ عاشق محمود
خواجہ فیض محمود
خواجہ محبوب
خواجہ فضل محمود
خواجہ غازی علم الدین
خواجہ شیراز
خواجہ محمد سلیمان
خواجہ نصیر المحمود
خواجہ مدثر
خواجہ عمار
خواجہ تاشفین
خواجہ عاقب علی

خواجہ خیر محمدؒ

- خواجہ گل محمدؒ ۱۳۱۰ھ
  - خواجہ خیر محمد
    - خواجہ محمد جمال
      - خواجہ غلام اللہ بخش
        - خواجہ محمد سلیمان
        - خواجہ محمد ارسلان
      - خواجہ محمد مظہر جمال
      - خواجہ محمد نعیم جمال
    - خواجہ عطا محمدؒ
      - خواجہ محمد سلامت
        - خواجہ قمر الدینؒ
        - خواجہ محمد عارف
      - خواجہ گل محمد
    - خواجہ شہاب الدین
      - خواجہ محمد محمود
      - خواجہ خیر محمد
  - خواجہ عطا محمدؒ

- خواجہ خیر محمدؒ
  - خواجہ عبدالرحمٰنؒ — ۱۳۵۱ھ
    - خواجہ درویش محمد
      - خواجہ غلام علی اصغر
        - خواجہ عون محمد
        - خواجہ باقر علی
      - خواجہ غلام علی اکبر
        - خواجہ سجاد حسین
      - خواجہ غلام قاسم
        - خواجہ محمد حسن رضا
        - خواجہ محمد فضل عباس
      - خواجہ غلام زین العابدین
    - خواجہ غلام علی — ۱۴۱۴ھ
      - خواجہ محمد سبحان
        - خواجہ محمد علی
        - خواجہ غلام علی
      - خواجہ محمد امین
      - خواجہ ناصر علی
      - خواجہ عبدالرحمٰن
      - خواجہ رحمت علی